**13.01.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ فوج کے سربراہ جنرل اُپیندر دویدی نے زور دے کر کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں Shaksgam وادی سے متعلق چین اور پاکستان کے درمیان 1963 کا معاہدہ غیرقانونی ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت وادی میں کسی بھی طرح کی سرگرمی کی اجازت نہیں دیتا۔

☆ بھارت اور فرانس نے عالمی سکیورٹی کو مستحکم کرنے کی خاطر قریبی اشتراک پر زور دیا ہے۔

☆ برطانیہ کے قانون سازوں نے فروری میں پارلیمانی انتخابات سے پہلے بنگلہ دیش میں اہم سیاسی جماعتوں پر پابندی پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔

☆ سامان کی ڈلیوری کرنے والی اہم کمپنیوں نے حکومت کی مداخلت کے بعد 10منٹ میں ڈلیوری کی مقررہ مدت کو ہٹانے پر اتفاق کیا ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ کتوں کے کاٹنے کے واقعات کیلئے اُنھیں کھانے کی چیزیں دینے والوں کو جوابدہ قرار دیا جائے گا۔

☆ حکومت مخالف مظاہروں کے سلسلے میں کارروائی کے بعد ایران میں تقریباً دو ہزار افراد کے ہلاک ہونے کا اندیشہ ہے۔

☆ اور پورے شمالی بھارت میں روایتی طورپر الاؤجلانے کے ساتھ آج فصل کی کٹائی کا تہوار لوہڑی منایاجارہاہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Rev Army Chief Shaksgam Valley**

فوج کے سربراہ جنرل اُپیندر دویدی نے آج کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں Shaksgam وادی سے متعلق چین اور پاکستان کے درمیان 1963 کا معاہدہ غیر قانونی ہے۔ فوج کے سربراہ نے وادی کے اس علاقے کے سلسلے میں بھارت کے موقف کو دوہرایا۔ جنرل دویدی نے Shaksgam وادی پر چین کی وزارت خارجہ کے ترجمان کی رائے زنی پر میڈیا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے یہ بات کہی۔ جنرل دویدی نے کہا کہ بھارت، وادی میں کسی بھی طرح کی سرگرمی کی اجازت نہیں دے گا۔ فوج کے سربراہ نے کہا کہ چین کے ساتھ حقیقی کنٹرول لائن پر

صورتحال مستحکم ہے، لیکن مسلسل چوکسی کی ضرورت ہے۔ جنرل دویدی نے کہا کہ آپریشن سندور، جوابی کارروائی کی کھلی چھوٹ کے ساتھ فوج کی تینوں شاخوں کے درمیان تال میل کی بہترین مثال تھا۔ انھوں نے کہا کہ آپریشن ابھی جاری ہے اور کسی بھی طرح کی حماقت سے موثر طور پر نمٹا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے کے پیش نظر اعلیٰ ترین سطح پر جوابی کارروائی کے سلسلے میں واضح طور پر فیصلہ کیا گیا تھا۔x

**Amit Shah Viksit Bharat**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ 2047 تک وکست بھارت کی تعمیر کے مشن کے حصول کی خاطر تعلیمی ڈگریوں کے ساتھ ساتھ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں اور خود کو اِس کیلئے وقف کردیں۔ آنند میں Charusat یونیورسٹی کے 15ویں جلسۂ تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے زور دے کر کہا کہ امرت کال کے دوران بھارت کو عالمی مہارت تک بلندی عطا کرنے کی ذمے داری صرف نوجوان نسل پر ہے۔جناب شاہ نے اس بات پر زور دیا کہ قومی تعلیمی پالیسی تحقیق اور ہنرمندی کے فروغ کو ترجیح دیتے ہوئے بھارت کو معلومات کے ایک عالمی سُپر پاور میں تبدیل کر رہی ہے۔انھوں نے کہا کہ بھارت کے اسٹارٹ اَپ ایکو نظام نے نوجوانوں کو روزگار تلاش کرنے والوں کے بجائے انھیں روزگار فراہم کرنے والا بنا کر بااختیار بنایا ہے اور وہ ملک کی اقتصادی مضبوطی میں تعاون کر رہے ہیں۔x

**Guj Amit Shah**

مرکزی وزیر داخلہ اور امداد باہمی کے وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت میں بایو ٹیکنالوجی کے شعبے میں غیرمعمولی ترقی ہوئی ہے، جس کے سبب اب ملک کیلئے وسیع تر امکانات موجود ہیں۔ گجرات کے گاندھی نگر ضلع میں Pethapur میں گجرات بایو ٹیکنالوجی ریسرچ سینٹر کے BSL-4 Biocontainment مرکز کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد وہ اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ جناب شاہ نے کہا کہ 2014 میں بھارت کی حیاتیاتی معیشت 10 ارب ڈالرتھی، جو 2024 کے اختتام تک بڑھ کر 166ارب ڈالر ہوگئی ہے۔ انھوں نے گذشتہ دہائی میں ملک میں بایو اسٹارٹ اَپس، بایو Incubators اور Patents کی تعداد میں خاطر خواہ اضافے کو اجاگر کیا۔

**S/B Amit Shah**

مرکزی وزیر نے کہا کہ BSL-4 لیباریٹری، جس کا آج گاندھی نگر میں افتتاح کیا گیا ہے، ملک میں پُنے کے بعد ایسا دوسرا سب سے بڑا مرکز ہوگا اور یہ ملک کے صحت کے شعبے کیلئے ایک تحفظاتی ڈھال کے طور پر خدمات انجام دے گا۔x

**Kirn Rijiju G Ram G**

اقلیتوں اور پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے وکست بھارت جی–رام–جی ایکٹ پر عوام کو مبینہ طور پر گمراہ کرنے پر اپوزیشن پارٹیوں پر نکتہ چینی کی ہے اور کہا ہے کہ لوگوں کو جلد ہی اس کے فوائد کا اندازہ

ہوگا، جس سے دیہی بھارت میں ترقی اور روزگار کی کایا پلٹ ہوگی۔ اتر پردیش کے لکھنؤ میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ اس سے پہلے کی MGNREGA اسکیم بدعنوانی کا ایک نمونہ بن گئی تھی، جبکہ نئے قانون میں نہ صرف روزگار پیدا کرنے سے متعلق گنجائشیں شامل ہیں، بلکہ جرمانوں کے ذریعے جوابدہی کو بھی یقینی بنایا گیا ہے۔ جناب رجیجو نے مزید کہا کہ ملک بھر میں اس قانون کا بڑے پیمانے پر خیر مقدم کیا جا رہا ہے۔

## India France

بھارت اور فرانس نے، امن اور استحکام کو فروغ دینے کے مقصد سے عالمی سلامتی کے منظر نامے کے چیلنجوں سے نمٹنے کی خاطر قریبی اشتراک کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال اور فرانس کے صدر کے سفارتی مشیر ایمانوئل Bonne نے آج نئی دلّی میں 38ویں بھارت–فرانس اسٹریٹیجک مذاکرات کی مشترکہ صدارت کی۔ مذاکرات کے دوران دونوں فریقوں نے اسٹریٹیجک ساجھے داری کے تئیں اپنے عزم کو دوہرایا۔ دونوں ملکوں نے سلامتی، دفاع، ٹکنالوجی، خلا اور سِول نیوکلیائی تعاون کے شعبوں میں جاری دوطرفہ اقدامات پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ اس کے علاوہ میک اِن انڈیا اور آتم نربھر بھارت کے تناظر میں اشتراک اور مشترکہ ترقی سے متعلق امکانات پر بھی غور و خوض کیا گیا۔ فریقین نے فرانس کے صدر ایمانوئل میکروں کے بھارت دورے سے متعلق تیاریوں کا بھی جائزہ لیا۔ جناب Bonne نے وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر خارجہ ڈاکٹرایس جے شنکرسے بھی ملاقات کی۔

## UK MPs Bangladesh

برطانیہ کے 4اراکین پارلیمنٹ نے بنگلہ دیش میں فروری میں ہونے والے انتخابات سے پہلے محمد یونس کی قیادت والی عبوری حکومت کی جانب سے بڑے پیمانے پر عوامی حمایت کی حامل سیاسی پارٹیوں پر پابندی لگائے جانے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ یہ قدم، اقوام متحدہ، برطانیہ اور دیگر اتحادیوں کی جانب سے کی گئی رہنمائی کا عدم احترام ہے۔ برطانوی قانون سازوں Bob Blackman, Jim Shannon, Jas Athwal اور Chris Law نے پارٹی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر زور دیا ہے کہ یونس کی قیادت والی غیر منتخبہ عبوری حکومت کو چاہیے کہ وہ بنگلہ دیشی ووٹروں پر اس طرح کی پابندیاں عائد نہ کریں۔ اِن اراکین پارلیمنٹ نے انتباہ دیا ہے کہ بڑی سیاسی پارٹیوں کو باہر رکھ کر ہوا کوئی بھی انتخاب جمہوری تصور نہیں کیا جائے گا۔ ×

## Govt 10 Minutes Delivery

ڈلیوری کرنے والے بڑے پلیٹ فارمز نے حکومت کی مداخلت کے بعد 10منٹ میں ڈلیوری کرنے کی حد کو ہٹانے سے اتفاق کر لیا ہے۔ حکومتی ذرائع نے کہا ہے کہ ڈلیوری کی مدّت سے متعلق تحفظات پر تبادلۂ خیال کیلئے Blinkit، Zepto، Zomato اور Swiggy جیسے سرکردہ پلیٹ فارمز کے ساتھ میٹنگ ہوئی۔ اس فیصلے کا مقصد Gig کارکنوں کیلئے زیادہ سلامتی، تحفظ اور کام کرنے کے بہتر حالات کو یقینی بنانا ہے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ میٹنگ کے بعد ای–کامرس پلیٹ فارم Blinkit نے ہدایت پر پہلے ہی عمل آوری شروع کر دی ہے اور

اپنے اشتہارات سے 10 منٹ میں ڈلیوری کے وعدے کو ہٹا دیا ہے۔ دوسرے پلیٹ فارمز کی جانب سے بھی آنے والے دنوں میں اس ہدایت پر عمل آوری کا امکان ہے۔×

**EVE SC DOGS**

آج سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ وہ کتوں کے کاٹنے کے واقعات کیلئے ریاستوں سے بھاری معاوضہ ادا کرنے اور کتوں کو کھانے کی چیزیں دینے والوں کو جوابدہ بنانے کیلئے کہے گا۔ عدالت عالیہ نے گزشتہ پانچ برس سے آوارہ جانوروں کے سلسلے میں ضابطوں کے نفاذ کی کمی پر اپنی تشویش کا اظہار کیا۔ جسٹس وکرم ناتھ، سندیپ مہتا اور NV انجاریہ پر مشتمل بینچ نے کہا کہ کتوں کو کھانے کی چیزیں دینے والوں کو بھی کتوں کے کاٹنے کے واقعات کیلئے ذمے دار اور جوابدہ قرار دیا جائے گا۔سماعت کے دوران عدالت عظمیٰ نے عوامی مقامات پر آوارہ کتوں کو کھانے کی چیزیں دینے والے لوگوں اور تنظیموں کے طرز عمل پر یہ کہتے ہوئے سوال کیا کہ کیا یہ ہمدردی صرف جانوروں تک محدود ہے اور اِس کا اظہار انسانوں کیلئے نہیں کیا جانا چاہیئے۔ عدالت عالیہ اُن مختلف درخواستوں پر سماعت کر رہی تھی جس میں 7 نومبر 2025 کے اُس کے حکم میں تبدیلی کی درخواست کی گئی ہے جس کے تحت حکام کو ادارہ جاتی علاقوں اور سڑکوں سے اِن آوارہ جانوروں کو ہٹانے کی ہدایت دی گئی تھی۔x

**Iran Protest with VC**

ایران میں حکومت مخالف مظاہرے تیسرے ہفتے میں داخل ہو چکے ہیں۔ مواصلات پر ہفتوں سے لگی پابندی کے دوران کسی طرح بین الاقوامی فون کالز کرنے میں کامیاب رہے عینی شاہدین نے صورتحال کو بے انتہا تباہی سے تعبیر کیا ہے، جہاں بدامنی کے دوران کئی بینکوں اور حکومتی دفاتر کو آگ لگا دی گئی۔ انٹرنیٹ بند کیے جانے کی وجہ سے چوتھے دن بینکنگ کام کاج میں شدید رخنہ پڑا، جس سے مالیاتی ادارے، بنیادی لین دین کو مکمل کرنے میں جدّوجہد کرتے رہے، جبکہ موبائل فون خدمات بڑے پیمانے پر مفلوج رہیں۔ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ تہران، امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے کسی بھی کارروائی کیلئے تیار ہے۔ امریکی صدر ٹرمپ نے ایران میں حکومت مخالف مظاہرین پر کارروائی کے بعد مداخلت سے متعلق اپنے متبادل پر غور کرنا شروع کر دیا ہے۔ جناب عراقچی نے کہا کہ اس مرتبہ ایران کی تیاری اُس وقت سے کہیں زیادہ ہے، جب گزشتہ سال جون میں امریکہ نے ایران پر فوجی حملے کیے تھے۔اس دوران ایران میں حکومت مخالف مظاہروں کے دوران حکومت کی کارروائی میں ہزاروں لوگوں کے مارے جانے کا خدشہ ہے۔ ایران کے سلامتی حکام کا حوالہ دیتے ہوئے ایک نیوز ایجنسی نے خبر دی ہے کہ مرنے والوں کی تعداد تقریباً دو ہزار ہوسکتی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Vinod Kumar**

ایران میں، بڑھتے بحران کی وجہ سے مغربی ایشیاء میں بھارت کے اسٹریٹیجک مفادات پر خاطر خواہ اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ وسطی ایشیاء، روس اور یوروپ سے بھارتی کنیکٹی وِٹی پروجیکٹوں کو جوڑنے میں ایران اہم ٹرانزٹ

ہب کی حیثیت رکھتا ہے، جس میں ایران کے جنوب مشرقی ساحل پر چابہار بندرگاہ بیحد اہمیت کی حامل ہے۔ یہ بندرگاہ بھارت کو پاکستان سے گزرنے کو پوری طرح ٹالتے ہوئے سیدھے طور پر افغانستان، وسطی ایشیاء اور یوروپ تک رسائی فراہم کرتی ہے۔ چابہار، بین الاقوامی شمال–جنوب ٹرانسپورٹ راہداری کا اہم جُز بھی ہے، جس سے بھارت کے ٹرانزٹ ٹائم میں تقریباً 40فیصد اور لاجسٹک لاگت میں تقریباً 30فیصد کی کمی آتی ہے۔ ایران کے بنیادی ڈھانچے، خاص طور پر چابہار کے کام کاج پر اثرانداز ہونے والا کسی بھی طرح کا طویل عدم استحکام، خطّے میں بھارت کی وسیع تر ارضیاتی–معاشی حکمتِ عملی کو متاثر کر سکتا ہے۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویر الفرید

## Lohri Festival

ملک کے کئی شمالی حصوں، خاص طور پر پنجاب، ہریانہ اور ہماچل پردیش میں پورے روایتی جوش وخروش کے ساتھ آج لوہڑی کا تہوار منایا جارہا ہے۔ یہ تہوار خوشی اور آپسی بھائی چارے سے منسوب ہونے کے ساتھ ساتھ فصل کے پکنے اور سورج کے شمال کی جانب سفر سے بھی وابستہ ہے۔ لوگوں نے اِس موقع پر اپنے کنبے کے افراد کے ساتھ بڑے الاؤ جلائے اور ایک دوسرے کو مبارکباد دی۔پیش ہے ایک رپورٹ......

**VC Rajesh Bali**

یہ تہوار آپسی پیار ومحبت اور اتحاد کا پیغام دیتا ہے۔ لوگ بڑے بڑے الاؤ کے اردگرد بیٹھ کر ایک دوسرے کو مونگ پھلیاں اور ریوڑیاں بانٹتے ہوئے ملک میں خوشحالی کی دعا کر رہے ہیں، خاص طور سے گاؤں میں روایتی لوک گیتوں سے ماحول خوسگوار بنا ہوا ہے۔ یہ تہوار نئے شادی شدہ جوڑوں اور نوزائیدہ بچوں کیلئے بھی ایک نئی شروعات کی علامت ہے۔ ریاست کے مختلف مقامات پر لوہڑی کے موقع پر خصوصی پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ہے۔ پٹیالیہ میں بیٹیوں کی پیدائش پر ریاستی سطح پر ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا ہے۔ یہ معاشرے کی مثبت سوچ کی عکاسی کرتا ہے۔ سردی کے درمیان یہ تہوار رشتوں کی گرماہٹ کا احساس کراتا ہے۔

جالندھر سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویر الفرید

## Badminton India Open

انڈیا اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ آج سے نئی دلّی کے اندرا گاندھی انڈور اسٹیڈیم میں شروع ہو گیا ہے۔ مردوں کے سنگلز مقابلوں میں لکشیہ سین، ہم وطن آیوش شیٹی کو 21-12اور 21-15سے ہرا کر دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔ مردوں کے ڈبلز مقابلوں میں ایم آر ارجن اور ہری ہرن **Amsakarunan** نے ملیشیاء کے **Ong Yew Sin** اور **Teo Ee Yi** کی جوڑی کو 21-15اور 21-18سے شکست دے کر دوسرے راؤنڈ میں داخلہ حاصل کر لیا ہے۔ خواتین کے ڈبلز مقابلوں میں گائتری گوپی چند اور تریشا جولی کی جوڑی بھی تھائی لینڈ کی **Ornicha Jongsathapornparn** اور **Sukitta Suwachai** کی جوڑی کو 21-15اور 21-11سے ہرا کر دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی ہیں۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆